# تربیتی کتابچہ برائے سوشل موبلائزیشن

## دسمبر 2016ء



مرتب کردہ

سول سوسائٹی ہیومن اینڈ انسٹیٹیوشنل ڈویلپمنٹ پروگرام (CHIP)

jica

CHIP
VALUE INVESTMENT

محکمہ صحت
حکومتِ خیبر پختونخواہ

# تربیت کا شیڈول

| نمبر شمار | عنوان | طریقہ کار | دورانیہ |
|---|---|---|---|
| | **پہلا دن** | | |
| 1 | Pre- Test، شرکاء کا تعارف، توقعات و خدشات، تربیت کے مقاصد | انفرادی بات چیت | 30منٹ |
| 2 | سوشل موبلائزیشن کا بنیادی تصور اور تعریف | ڈسکشن، بات جیت، پریزنٹیشن | 30منٹ |
| 3 | حفاظتی ٹیکوں سے پہلے، دوران اور اختتام پر سوشل موبلائزیشن کے فائدے | | |
| 3.1 | حفاظتی ٹیکوں سے پہلے، دوران اور اختتام پر سوشل موبلائزیشن کے فائدے | گروپ ورک، ڈسکشن | 40منٹ |
| 3.2 | کمیونٹی میں موجود بااثر افراد کی نشاندہی | انفرادی ورک، ڈسکشن | 20منٹ |
| 3.3 | اعداد و شمار اور گھر کے دروازے پر مارکنگ کرنا | انفرادی ورک، ڈسکشن | 15منٹ |
| 3.4 | گھر گھر جا کر باقاعدگی سے ماؤں کے ساتھ انفرادی سیشن | بات چیت، گروپ ٹاسک | 40منٹ |
| 3.5 | سکولوں میں کوئز اور پوسٹر کے مقابلے | انفرادی بات چیت | 20منٹ |
| 3.6 | شعور و آگاہی کی مہم میں مختلف طریقہ کار کا استعمال | گروپ ورک، پرزنٹیشن | 40منٹ |
| 3.7 | معلومات کی تعلیم اور مواصلات کا مواد | بات چیت، ڈسکشن | 20منٹ |
| 3.8 | پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی شمولیت | گروپ ٹاسک | 30منٹ |
| 3.9 | گاؤں کی سطح پر ہیلتھ کمیٹی کا قیام اور اسکی مضبوطی | ڈسکشن | 30منٹ |
| | **دوسرا دن** | | |
| 4 | سوشل موبلائزیشن کے لیے مختلف ہنر کی تفصیل | | |
| 4.1 | سننے کی صلاحیت | عملی مشق، ڈسکشن | 20منٹ |
| 4.2 | بولنے کی صلاحیت | عملی مشق، ڈسکشن | 20منٹ |
| 4.3 | ریکارڈ کیپنگ | بات چیت، ڈسکشن | 30منٹ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4.4 | کمیونٹی کو متحرک رکھنے کا ہنر | بات چیت، ڈسکشن | 20منٹ |
| 4.5 | نیٹ ورکنگ کا ہنر | بات چیت، ڈسکشن | 15منٹ |
| 4.6 | لیڈرشپ کی خصوصیات | عملی مشق، ڈسکشن | 30منٹ |
| 4.7 | فالواپ کا ہنر | بات چیت، ڈسکشن | 20منٹ |
| 5 | فیلڈ کے دوران اخلاقیات کی اہمیت | عملی مشق، ڈسکشن | 40منٹ |
| 6 | ٹیلی ڈرامہ، تجزیہ | عملی مشق | 40منٹ |
| 7 | Post Test | انفرادی ورک | 15منٹ |
| 8 | تربیت اختتامی تجزیہ | - | 15منٹ |

# تربیت کے مقاصد

- ۔۔۔شرکاء کو سوشل موبلائزیشن کے بنیادی تصور، طریقہ کار (Tools) اور کارکردگی کے معیار (Performance Indicators) کے متعلق آگاہ کرنا۔
- ۔۔۔شرکاء کو سوشل موبلائزیشن کے ہنر پر آگاہ کرنا تاکہ وہ اپنے متعلقہ علاقے میں حفاظتی ٹیکوں میں درپیش روکاوٹوں اور مشکلات کو حل کرسکیں۔
- ۔۔۔شرکاء کو ایکشن پلان بنانے میں معاونت کرنا تاکہ وہ حاصل کردہ تربیت کو اپنے علاقے میں جاکر استعمال کرسکیں۔
- ۔۔۔فیلڈ میں اخلاقیات (Field Ethics) کے بارے میں بات چیت کرنا۔



# سوشل موبلائزیشن کا بنیادی تصور اور تعریف

۱۔ سوشل موبلائزیشن دو الفاظ کا مجموعہ ہے۔ایک سماج (سوشل) اور دوسرا متحرک (موبلائزیشن) ہے۔سماج کی تشریح میں تمام معاشرہ/ کمیونٹی کا ملوث/ شامل ہونا ہے۔جب کہ متحرک (موبلائزیشن) کا مطلب دماغی تبدیلی جس میں یقین(Belief) اور توجہ مرکوز ظاہر(Focus Manifested) کو جسمانی تحریک کی مدد سے مقاصد کا حصول کرنا ہے جس کے لیے کمیونٹی کو شامل کر۔ ہے۔

''یاد رہے ایسی موبلائزیشن نامکمل ہے اگر کمیونٹی کے عمل میں تبدیلی نہ آئے''

# سوشل موبلائزیشن کا بنیادی تصور اور تعریف

۲۔ سوشل موبلائزیشن ایک وسیع پیمانے کی تحریک ہے جس میں کمیونٹی کو شامل کر کے کسی مخصوص مقصد کو اپنے وسائل اور ذرائع سے اپنی کاوشوں کو یقینی بنانا ہے۔



# سوشل موبلائزیشن کا بنیادی تصور اور تعریف

۳۔ سوشل موبلائزیشن میں معاشرہ میں موجود تمام کردار مثلاً فیصلہ ساز، بااثر افراد، رائے دینے والے رہنماء/لیڈر، میڈیا، سوشل ورکرز، پیشہ ور ماہرین وغیرہ اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔

# سوشل موبلائزیشن کا بنیادی تصور اور تعریف

۴۔سوشل موبلائزیشن ایک عمل ہے جو شعور و آگاہی کی مدد سے کمیونٹی کو ترقی یافتہ بنانے کے لیے متحرک کرتی ہے۔



# سوشل موبلائزیشن کے فائدے

## حفاظتی ٹیکوں سے پہلے

۱۔کمیونٹی حفاظتی ٹیکوں کی اہمیت کے متعلق آگاہ ہو جائے گی۔

۲۔کمیونٹی ۹ خطرناک بیماریوں سے آگاہ ہو جائے گی۔

۳۔کمیونٹی اپنے 23 ماہ سے کم عمر کے بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگوانے پر آمادہ ہو جائے گی۔

۴۔کمیونٹی حفاظتی ٹیکہ جات کے فراہم کردہ کارڈ کی اہمیت کو سمجھ جائے گی۔

۵۔EPI سٹاف پہلے سے کمیونٹی میں حفاظتی ٹیکوں سے متعلقہ درپیش رکاوٹوں کو جانچ لے گا جس کی وجہ سے موبلائزیشن کی حکمت عملی بنانے میں آسانی ہو گی۔

۶۔بااثر اور ہم خیال افراد کی نشاندہی ہو جائے گی جو 23 ماہ سے کم عمر بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کو ممکن بنانے میں مددگار ثابت ہوں گئیں۔

۷۔والدین کو حفاظتی ٹیکوں کے شیڈول اور جگہ کے متعلق آگاہی ہو جائے گی۔

۸۔اگر کسی بچے کا حفاظتی ٹیکہ رہ گیا ہے تو اس پر والدین کی یاددہانی کروادی جائے گی۔

# حفاظتی ٹیکوں سے دوران

۱۔ والدین جن کے بچے 23 ماہ سے کم عمر کے ہوں اپنے بچوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق حفاظتی ٹیکہ جات لگوالیں گئیں۔

۲۔ والدین چونکہ شیڈول سے باخبر ہوں گئیں۔

۳۔ بچے کو متعلقہ جگہ لے جانے کی تیاری/ذمہ داری متعین کرلیں گئیں۔



## حفاظتی ٹیکوں سے بعد

ا۔والدین حفاظتی ٹیکہ جات کے بعد بچے پر ہونے والے ردعمل سے آگاہ ہوں گئیں۔

۲۔والدین حفاظتی ٹیکہ جات کے بعد غیر ضروری ردعمل کو رپورٹ کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ ہوں گئیں۔

۳۔والدین اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کے کورس کو مکمل کریں گئیں۔

۴۔والدین بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کے کارڈ کو حفاظت کے ساتھ رکھیں گئیں۔

۵۔علاقے کے بااثر اور ہم خیال افراد بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت کو کمیونٹی میں اجاگر کرتے رہیں گئیں۔

۶۔موبلائزر کو حفاظتی ٹیکہ جات کے دوران والدین کو پیش آنے والے مسائل کو اجاگر کرنے میں رہنمائی ملتی ہے۔



# سوشل موبلائزیشن کے ضروری اور اہم مختلف طریقہ کار

## کمیونٹی میں موجود با اثر افراد کی نشاندہی

- ۔۔۔مسلم کمیونٹی موبلائزیشن میں مذہبی رہنماؤں کو شامل کرنا۔ انکے ساتھ علیحدہ میٹنگ کی مدد سے حفاظتی ٹیکوں کی اہمیت پر بات چیت کرنا۔
- مذہبی رہنماؤں کی مدد سے مساجد میں اعلانات کے ذریعے حفاظتی ٹیکوں پر مثبت پیغامات اور شیڈول کے متعلق کمیونٹی تک آگاہی پہچانا
- ۔۔۔غیر مسلم کمیونٹی مثلاً عسیائی یا ہندو کے لیڈر کو موبلائز کرنا تاکہ وہ مختلف خطبات اور میل جول کی تقریبات میں حفاظتی ٹیکوں کی اہمیت کو اجاگر کر سکیں۔
- ۔۔۔با اثر مقامی افراد کو متحرک کرنا جیسے کہ پنچائیت کمیٹی کے ممبران اور سول سوسائٹی کے لیڈرز کی مدد سے حفاظتی ٹیکہ جات کے پیغامات کو کمیونٹی لیول تک پہنچانا بھی ایک اہم طریقہ کار ہے۔
- ۔۔۔کمیونٹی میں حج سے واپس آنے والے حاجیوں، حکیم، غریبوں میں کھانا تقسیم کرنے والے با اثر افراد، گورنمنٹ ورکر، استاتذہ اور یوتھ ورکرز وغیرہ کو متحرک کے اپنا ہم خیال بنانا۔

## اعداد و شمار اور گھر کے دروازے پر مارکنگ کی مدد سے باقاعدگی کے ساتھ 23 ماہ سے کم عمر کے بچوں کا معلومات / ڈیٹا مکمل کرنا

- ۔۔۔نومولود بچوں کی نشاندہی اور ریکارڈ پر خصوصاً توجہ دینا۔
- ۔۔۔روائتی دائی سے حاملہ اور نومولود بچوں کی ماؤں کی معلومات وصول کرنا۔
- ۔۔۔جن گھروں میں حاملہ، نومولود اور 23 ماہ سے کم عمر بچے ہوں ان گھروں پر مارک کرنا تاکہ یاداشت میں آسانی ہو۔





## گھر گھر جا کر باقاعدگی سے ماؤں کے ساتھ انفرادی سیشن

- ۔۔۔موبلائزر کا نومولود بچوں کی ماؤں اور حاملہ ماؤں کے ساتھ حفاظتی ٹیکوں کی ترسل پر زیادہ سے زیادہ معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانا۔
- ۔۔۔موبلائزر کا حاملہ ماؤں کے ساتھ وزٹ کے دوران ٹی ٹی ویکسین کی افادیت، شیڈول اور دورانیہ کے مطلق آگاہی فراہم کرنا اور حمل کی صورتحال کے متعلق جاننا اور رہنمائی فراہم کرنا۔
- ۔۔۔ایسے بچے جن کو حفاظتی ٹیکے نہ لگے ہوں انکی ماؤں کو متحرک کر کے بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کے شیڈول کو ممکن بنانا۔
- ۔۔۔موبلائزر کے گھر گھر باقاعدگی کے ساتھ وزٹ حفاظتی ٹیکہ جات کے نامکمل کروانے کی وجوہات کی نشاندہی کروانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔
- ۔۔۔موبلائزر ماؤں کو خطرناک بیماریوں اور حفاظتی ٹیکہ جات کی معلومات کو بار بار بیان کرنے سے ماؤں کی توجہ لینے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔
- ۔۔۔اگر وزٹ کے دوران مائیں اپنے بچوں کو ٹیکہ لگوانے پر آمادہ نہ ہوں تو مختلف طریقہ کار اپنائیں مثلاً با اثر افراد کو اس گھر لے جائیں وغیرہ وغیرہ۔

# سکولوں میں شعوروآگاہی کے پیغامات

- ۔۔۔موبلائزرسکول ٹیچراورPTAs کی مدد سے کلاس روم میں بچوں کے ساتھ 9 مختلف مہلک بیماریوں اوران سے بچاؤ کے لیے لگنے والے 13 خوراک جوکہ 6 شیڈول میں حفاظتی ٹیکہ جات، قطروں اور ٹیکہ کی صورت میں 23 ماہ سے کم عمر بچوں کو لگوائے جاتے ہیں کی اہمیت پر بات کرے اورانکے بتائے کہ ان کی مدد سے کس طرح ہم خطرناک بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔
- ۔۔۔ان بچوں کو کوئز مقابلہ کے مدد سے متحرک کریں اور آمادہ کریں کہ وہ اپنے گھروں اور علاقے میں 23 ماہ سے کم عمر بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کی معلومات ان تک پہنچائیں گئیں۔
- ۔۔۔موبلائزسکول انتظامیہ کی مدد سے حفاظتی ٹیکوں کی اہمیت پر پوسٹر کا مقابلہ کروائے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ وطلبات اس میں دلچسپی لیں۔
- ۔۔۔سکول ٹیچر کی مدد سے یوتھ کو موبلائز کرنا تاکہ وہ حفاظتی ٹیکوں کی مہم اور شیڈول کے دوران رضاکارانہ طور پر معاونت فراہم کریں۔

# حقائق پر مبنی کیس سٹڈی

موبلائزر اپنے سیشن کے دوران حقائق پر مبنی کیس سٹڈی زیادہ سے زیادہ شیئر کرے تاکہ 23 ماہ سے کم عمر بچوں کی مائیں اور گھر کا سربراہ اور گھر والے حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت کو آسانی سے سمجھ سکیں۔



# معلومات کے تبادلے اور مواصلاتی مواد

۔۔۔موبلائزر معلومات کے تبادلے اور مواصلاتی مواد، کمیونٹی ریسرچ اور لوکل زبان اور تصاویر کی صورت میں پرنٹ کروا کر زیادہ سے زیادہ مقامی افراد کے ساتھ شیئر کرے۔ موبلائزر مواد کی پرنٹنگ سے پہلے اس بات کی تصدیق کر لے کے اس پر بنی ہوئی تصاویر اور الفاظ لوکل کمیونٹی کے لیے قابل اعتراز نہیں ہے۔

۔۔۔کچھ والدین اور کمیونٹی لیڈر اس بات پر اعتراض کرتے ہیں کہ انھیں صرف روٹین کے حفاظتی ٹیکہ جات کے متعلق بتایا جاتا ہے جبکہ ہیلتھ سے متعلقہ اور معلومات کو شیئر نہیں کیا جاتا۔ ایسے میں اپنے تعلیم اور مواصلات کے مواد میں ہاتھوں کی دھلائی، بہتر صحت و صفائی، اسہال کے وقت علاج کے ساتھ ضروری اقدامات اور بچوں کی حفظان صحت سے متعلق معلومات وغیرہ کو شامل کر کے معلومات کے مواد کی اہمیت کو اور بڑھایا جا سکتا ہے۔






# مشترکہ شعور و آگاہی کے سیشن

مختلف مشترکہ میٹنگ میں ماؤں اور گھر میں موجود دوسری خواتین کو حفاظتی ٹیکہ جات کے متعلق آگاہی فراہم کرنا۔ موبلائزر دن کے وقت مختلف تقریبات میں خواتین کے ساتھ سیشن لے جبکہ کمیونٹی کے مردوں اور 23 ماہ سے کم عمر بچوں کے والد کے ساتھ شام کے وقت سیشن کرے جب وہ اپنے فصلوں اور کاموں سے فارغ ہو جائیں۔



# پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی شمولیت

- ۔۔۔حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت پر شعبہ صحت کے ماہرین، ڈاکٹرز اور بااثر افراد کے ساتھ مل کر ریڈیو پروگرام کرنا اور ان پیغامات کو مختلف اوقات میں ریڈیو کی مدد سے زیادہ سے زیادہ کمیونٹی میں پھیلانا۔
- ۔۔۔مختلف اوقات میں وقفہ فوقتاً دلچسپ طریقہ کار مثلاً پتلی تماشہ، تھیٹر شو کی مدد سے کمیونٹی کی توجہ حفاظتی ٹیکہ جات کی طرف مرکوز کروانا۔
- ۔۔۔حفاظتی ٹیکہ جات کے شیڈول اور اہمیت کے متعلق اخبار میں پیغامات اور آرٹیکل کی مدد سے شعور و آگاہی کمیونٹی تک پہچانا۔









# گاؤں کی سطح پر ہیلتھ کمیٹی کا قیام اور اسکی مضبوطی

۔۔۔موبلائزر گاؤں کی سطح پر ہیلتھ کمیٹی کے قیام کے ذریعے مختلف بااثر افراد، والدین، ہیلتھ آفیسرز کو اس میں شامل کر کے کمیونٹی میں شعور و آگاہی فراہم کرتے ہیں۔اس کمیٹی کی مدد سے کمیونٹی میں لوگوں کے حفاظتی ٹیکوں سے متعلقہ خدشات کو دور کر کے انھیں بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کے کورس کو مکمل کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکتا ہے۔

۔۔۔موبلائزر گاؤں کی سطح پر ہیلتھ کمیٹی کو مضبوط کرنے کے لیے ماہانہ بنیادوں اور ضرورت کے وقت مختلف میٹنگ کر کے کمیونٹی میں بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کی اہمیت میں اور اضافہ کر سکتا ہے۔



# سوشل موبلائزیشن کے لیے مختلف ہنر کی تفصیل

## سننے کی صلاحیت

۱۔ بات کو دلچسپی اور توجہ سے سننا

۲۔ ہر بات کو اہمیت دینا

۳۔ بات کو توجہ سے سننا

۴۔ بات سنتے وقت اگلے کو یہ یقین ہونا چاہیے کہ آپ اسکی بات سن رہے ہیں۔

۵۔ بات سنتے وقت اپنی نظریں فوکس رکھیں اور ارد گرد دیکھنے سے پرہیز کریں۔

۶۔ اگلے کو اس بات کا یقین دلوائیں کہ آپ اسکی بات کو سمجھ رہے ہیں اسکا اظہار آپ اسکی بات کو دوہرا کر بھی کرسکتے ہیں۔

۷۔ بات سنتے وقت اگلے شخص کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ کھل کر بات کرسکے مثلاً یہ بہت اچھا سوال ہے۔ آپ درست کہہ رہے ہیں مجھے اور معلومات بھی بتائیں وغیرہ وغیرہ۔

۸۔ بات سنتے وقت اگلے شخص کی بات کو مکمل ہونے دیں اور درمیان میں بات کاٹنے سے پرہیز کریں۔

# بولنے کی صلاحیت

۱۔ بولتے وقت منہ سے پہلے دماغ کا استعمال کرنا

۲۔ سنجیدگی سے کسی غلطی پر معافی مانگنا

۳۔ بات کا اظہار شکرگزار ہو کر کریں

۴۔ بات کرتے وقت اپنی توجہ حاضرین پر رکھیں

۵۔ اپنی بات کو مختصر اور جامع انداز میں کریں

۶۔ سادہ الفاظ کا استعمال کریں



# بات چیت میں پیش آنے والی روکاٹیں

۱۔ منتخب خیال

۲۔ بہت زیادہ معلومات کا ہونا

۳۔ جذباتی ہونا

۴۔ زبان پر عبور نہ ہونا

۵۔ اقدار اور یقین کا مختلف ہوتا

۶۔ مختلف جنس یا عمر کا ہونا

۷۔ معاشی حالت

۸۔ تعلیم کی کمی

۹۔ جسمانی خدوخال کا مختلف ہونا

۱۰۔ رویہ و برتاؤ

۱۱۔ پیغامات کو صحیح سے نہ سمجھنا

۱۲۔ اعتماد کا نہ ہونا

۱۳۔ کسی خدشہ یا بے چینی کا ہونا۔

# ریکارڈ کیپنگ



۱۔ورک پلان

۲۔ڈائری

۳۔ایریا پروفائل

۴۔با اثر افراد کی لسٹ

۵۔لیڈی ہیلتھ ورکرز کی لسٹ اور انکی ذمہ داری میں آنے والے گھروں کی تعد

۶۔23 ماہ سے کم عمر انکاری اور رہ جانے والوں بچوں کی فہرست

۷۔حاملہ عورتوں کی فہرست

۸۔ریکارڈ رجسٹر

۹۔خانہ بدوش کی فہرست

۱۰۔کمیونٹی میں موجود رضا کاروں کی فہرست

۱۱۔سٹاک رجسٹر

۱۲۔گاؤں کے لیول پر 23 ماہ سے کم عمر بچوں کی تعداد

۱۳۔نقشہ

# کمیونٹی کو متحرک کرنے کا ہنر

۔۔۔کمیونٹی میں حفاظتی ٹیکوں کی معلومات کی فراہمی کے بعد لوگوں کو متحرک کرنا کہ وہ اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کے کورس کو مکمل کر سکیں انکی حوصلہ افزائی کرنا تا کہ وہ حفاظتی ٹیکہ جات کے وقت آنے والی مشکلات اور رکاوٹوں کو دور کر سکیں۔


۔۔۔ٹارگٹ ماؤں اور خاندانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے رابطے میں رہنا۔

۔۔۔میٹنگ اور گھر گھر وزٹ کے دوران مختلف پہلو پر بات چیت کرنا مثلاً حفاظتی ٹیکہ جات کے وقت رکاوٹیں اور انکا حل وغیرہ۔



# نیٹ ورکنگ کا ہنر

- ۔۔۔رابطہ کاری کے لیے نیٹ ورکنگ کرنا ایک اہم ہنر ہے۔موبلائزر نیٹ ورکنگ کی مدد سے سرکاری و غیر سرکاری افراد کے ساتھ اچھے روابط قائم کر کے حفاظتی ٹیکوں کی مہم میں ہم خیال بنا سکتے ہیں۔
- ۔۔۔کارآمد افراد کی نشاندہی کر کے اپنے نیٹ ورک میں شامل کرنا۔
- ۔۔۔کمیونٹی میں اپنے ارد گرد رہنے والے افراد کی معاونت کرنا تاکہ وہ آپ کے مشن کو سمجھ سکیں اور وقت آنے پر مدد فراہم کر سکیں۔



# موئثر کمیونٹی موبلائزر

## موئثر کمیونٹی موبلائزر کی خصوصیات

- ۔۔۔اپنے مقصد سے متعلقہ ہر بات کا علم ہونا
- ۔۔۔ایک گروپ کی صورت میں کام کرنا جانتا ہو
- ۔۔۔دیانتدار اور مخلص لیڈر رہو
- ۔۔۔متوازن/معتدل طبیعت کا مالک ہو
- ۔۔۔اچھا تجزیہ نگار ہو
- ۔۔۔صبر و تحمل سے ہر کام کرے
- ۔۔۔غریب اور مفلس لوگوں کے لیے کام کرنے کا جذبہ رکھتا ہو
- ۔۔۔اپنے علاقے کی ترقی کے لیے دلچسپی رکھتا ہو
- ۔۔۔دوسروں کی مدد کرنے کا درد رکھتا ہو۔

# موثر کمیونٹی موبلائزر کا کردار

- ۔۔۔بنیادی تعلیم اور تجربہ رکھتا ہو
- ۔۔۔لوگوں کی مدد کرے
- ۔۔۔سماجی شعور و آگاہی پیدا کرے
- ۔۔۔وسائل، مواد اور سہولیات کو متحرک کرے
- ۔۔۔شرکت داروں سے مضبوط رابطہ کاری رکھے
- ۔۔۔نظرانداز یا پسماندہ کمیونٹی کے مسائل سمجھ سکے
- ۔۔۔کمیونٹی میں مختلف معلومات کو بروقت پہنچائے
- ۔۔۔اپنے علاقے میں باقی بااثر افراد میں ذمہ داریاں تقسیم کرنے کی اہلیت رکھتا ہو۔
- ۔۔۔اپنے علاقے کی ترقی کے لیے اسکا ویژن بڑا ہو
- ۔۔۔علاقے میں تنازعات کو حل کرنے کی اہلیت رکھتا ہو۔

# موثر کمیونٹی موبلائزر کا طریقہ کار

1۔۔۔حکمرانہ/جارحانہ

2۔۔۔دبا ہوا

3۔۔۔منصافانہ/معتدل

# فالواپ کا ہنر

- ۔۔۔حفاظتی ٹیکہ جات سے رہ جانے والے اور انکاری 23 ماہ سے کم عمر بچوں کی معلومات مکمل رکھ سکے۔
- ۔۔۔حاملہ عورتوں کی لسٹ مکمل رکھ سکے۔
- ۔۔۔حفاظتی ٹیکہ جات سے متعلقہ روکاوٹوں کو سمجھے اور اسکا حل تلاش کر سکے۔
- ۔۔۔اپنے کام سے متعلقہ آراء کو اپنے سپر وائزر کو فراہم کر سکے
- ۔۔۔حفاظتی ٹیکہ جات کے شیڈول کے متعلق مکمل آگاہ ہو۔
- ۔۔۔اپنے علاقے کے بااثر افراد کو متحرک رکھ سکے۔
- ۔۔۔رہ جانے والے 23 ماہ سے کم عمر بچوں کو مختلف طریقہ کار سے حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس مکمل کروانے کی اہلیت رکھتا ہو۔
- ۔۔۔اپنے اندموجود ہنر کو نکھارنے میں مختلف تربیتوں اور سیشن میں شمولیت کرتا ہو۔



# فیلڈ کے دوران اخلاقیات کی اہمیت

**ظاہری حلیہ:**

۱۔لوکل/مقامی کپڑوں کا استعمال کرنا

۲۔صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا

۳۔کپڑوں کا رنگ میں احتیاط کرنا

۴۔زیوارت کا استعمال نہ کرنا

۵۔نامناسب بدبو

**ماحول:**

۱۔گھر میں داخل ہوکر ماحول کے مطابق بات کا آغاز کرنا

۲۔اگلے فرد کی کیفیت کا احساس کرنا

۳۔موقع اور حالات کے مطابق عنوانات کا استعمال

۴۔بات چیت کرتے وقت اردگرد موجود لوگوں کا خیال کرنا

۵۔اگلے شخص کی بات کو اہمیت دینا

۶۔اگلے شخص کے مسائل کو سمجھنا اور بہتر انداز میں اسکا حل بتانا

۷۔مقامی زبان اور سادہ الفاظ کا استعمال کرنا

# تربیت سے متعلقہ معلومات کا تجزیہ

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عہدہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

| نمبر شمار | سوالات | ہاں | نہیں | معلوم نہیں |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | سوشل موبلائزیشن میں وسائل وذرائع کی خاص ضرورت نہیں پڑتی۔ | | | |
| ۲ | سوشل موبلائزیشن صرف حفاظتی ٹیکوں کے بعد کی جاتی ہے۔ | | | |
| ۳ | کمیونٹی میں غیر مسلم کمیونٹی کو موبلائزیشن میں شامل نہیں کیا جاسکتا۔ | | | |
| ۴ | مذہبی رہنما کمیونٹی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ | | | |
| ۵ | سکول ٹیچر کی مدد سے ہم نوجوان اور طلبہ وطلبات کی خدمات کو رضا کارانہ طور پر استعمال نہیں کرسکتے۔ | | | |
| ۶ | حقائق پر مبنی کیس سٹڈی ہمارے لیے معاونت ثابت ہوسکتی ہے۔ | | | |
| ۷ | معلومات پر مبنی مواد کا لوکل زبان سے کوئی تعلق نہیں | | | |
| ۸ | سوشل موبلائزیشن کے وقت صرف حفاظتی ٹیکہ جات پر شعور دے کر کمیونٹی کو متوجہ کیا جاسکتا ہے۔ | | | |
| ۹ | ریڈیو پروگرام کی مدد سے ہم اپنے پیغامات زیادہ سے زیادہ کمیونٹی میں پھیلا سکتے ہیں۔ | | | |
| ۱۰ | ہیلتھ کمیٹی کا قیام سوشل موبلائزیشن میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ | | | |
| ۱۱ | بات سنتے وقت اپنی رائے کو اہمیت دینا زیادہ ضروری ہوتا ہے۔ | | | |
| ۱۲ | اگر مختلف جنس (مرد یا عورت) سے بات نہ کرسکیں تو اس کا حل تلاش کرنا ضروری عمل نہیں ہے۔ | | | |
| ۱۳ | مقامی زبان اور سادہ الفاظ کا چناؤ ضروری ہوتا ہے | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | سوشل موبلائزیشن میں ریکارڈ کو مکمل رکھنا نہایت ضروری ہوتا ہے۔ | | | |
| ۱۵ | سوشل موبلائزیشن کے دوران بار بار اس گھر میں جانے سے گریز کریں جہاں انکاری کے کیسز زیادہ ہوں۔ | | | |
| ۱۶ | رابطہ کاری کے لیے نیٹ ورکنگ کا ہونا اتنا ضروری نہیں ہوتا۔ | | | |
| ۱۷ | جہاں انکاری کیسز ہوں وہاں زبردستی والدین کو بچے کے ٹیکہ جات مکمل کرنے پر ضد کریں۔ | | | |
| ۱۹ | اچھے کمیونٹی موبلائزر کو اپنی شخصیت دبا کر رکھنی چاہیے | | | |
| ۲۰ | اپنے کام سے متعلقہ معلومات اپنے سپروائزر کو باقاعدگی کے ساتھ پہنچائیں | | | |
| ۲۱ | موبلائزیشن کے دوران تیز رنگ کے کپڑے اپکی شخصیت کو مزید اجاگر کرتے ہیں | | | |
| ۲۲ | گھر میں داخل ہو کر اپنے آنے کا مقصد فوراً بیان کریں۔ | | | |
| ۲۳ | کارکردگی کے معیار کو جانچنا اہمیت کا حامل ہے۔ | | | |



Civil Society Human and Institutional Development Programme (CHIP)
CHIP House, Plot no. 1, Street no. 9,
G-8/2, Islamabad, Pakistan.
Phone: +92-51-111-111-920
Fax: +92-51-2280081
Website: www.chip-pk.org
FB: https://www.facebook.com/CHIPHOUSE12/